امتحانی پرچہ مسیحی تعلیم (لازمی) برائے جماعت نہم کی تیاری کے لیے ہدایات

ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

مسیحی تعلیم (لازمی) برائے جماعت نہم کا سالانہ پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہو گا، جس کے لیے طلبہ کو تین گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہو گا، جس کی تقسیم / (Pairing Scheme) حسبِ ذیل ہے:

حصہ اول: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 20)

حصہ دوم: مختصر سوالات (کل نمبر 40)

حصہ سوم: تفصیلی سوالات (کل نمبر 40)

برائے جماعت نہم کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

حصّہ اول	**سوال نمبر 1:** کثیر الانتخابی سوالات	20 = 20 × 1 کل نمبر 20	کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسب ذیل ہے: کثیر الانتخابی سوالات باب اول، باب دوم سے چار چار سوالات، باب سوم سے چھے اور باب چہارم، باب پنجم اور ششم میں سے دو دو کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔
حصّہ دوم	**سوال نمبر 2:** مختصر سوالات	12 = 6 × 2 کل نمبر 12	اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھے (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے ۔ اس حصے کے سوالات صرف باب نمبر 1 اور باب نمبر 2 سے ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ • **باب نمبر 1 میں سے 5 اور باب نمبر 2 میں سے 4 مختصر سوالات شامل کیے جائیں۔**
	سوال نمبر 3: مختصر سوالات	12 = 6 × 2 کل نمبر 12	اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھے (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب نمبر 3 اور 4 سے ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ • **باب نمبر 3 میں سے 4 اور باب نمبر 4 میں سے 5 مختصر سوالات شامل کیے جائیں۔**

	سوال نمبر4: مختصر سوالات	16 = 8 ×2 کل نمبر16	اس حصے میں کل بارہ(12) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے آٹھ(8) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب نمبر5اور باب6 سے ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ • **باب نمبر5 میں سے6اور باب نمبر 4 میں سے6 مختصر سوالات شامل کیے جائیں۔**
حصّہ سوم	**سوال نمبر5:** تفصیلی سوالات	10 = 2 ×5 کل نمبر10	درسی کتاب میں مجوزہ اسباق میں سے ہی بائبلی آیات کی تشریح کے لیے کہا جائے۔ • **چار میں سے کوئی سی دو آیات کی سیاق وسباق کے حوالہ سے تشریح کریں۔**
	سوال نمبر6: تفصیلی سوالات	10 = 1 ×10 کل نمبر10	باب چہارم میں دی گئی شخصیات میں سے دو شخصیات کے بارے میں سوال پوچھا جائے اور ان میں سے ایک شخصیت پر مختصر نوٹ لکھنے کو کہا جائے۔ مثلاً (الف) ارمیاہی / یرمیاہ نبی (ب) مقدس پولوس / پولس رسول
	سوال نمبر7: تفصیلی سوالات	20 = 2 ×10 کل نمبر20	درسی کتاب میں مجوزہ اسباق کے صرف مشقی سوالات میں سے ہی چار سوالات دیے جائیں۔ مثلاً؛ درج ذیل چار میں سے دو سوالوں کے جواب تفصیل سے دیجیے۔ ہر سوال کے نمبر10 ہوں گے۔